© rasailojaraid.com



ادارہ

# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: تجلیاتِ شمسیہ: افادات عارف مولانا شمس الہادی شاہ منصوریؒ

مرتب: مولانا محمد رقیب مجددی ضخامت: ۱۰۴ صفحات

قیمت درج نہیں ناشر: خانقاہ نقشبندیہ غفوریہ شمسیہ شاہ منصور صوابی

حضرت مولانا شمس الہادی صاحبؒ بہت بڑے عالم شیخ التفسیر والحدیث اور جامع العلوم شخصیت ہونے کے ساتھ ساتھ پیر طریقت بھی تھے۔ اور سلسلہ نقشبندیہ غفوریہ میں مسترشدین کو بیعت بھی کرتے تھے۔ کتابوں اور دورۂ حدیث کے درس کے ساتھ آپ باقاعدہ طور پر ایک خاموش خانقاہی نظام بھی چلاتے تھے۔ اور اصلاح وارشاد کا فریضہ بطریقہ احسن انجام دیتے تھے۔ آپ کی مجالس خطبات مواعظ اور ملفوظات آپ کے تلامذہ اور عقیدت مندوں نے وقتاً فوقتاً جمع کئے ہیں اور اب ٹیپ ریکارڈ کی مدد سے ان کو کاغذ وقرطاس پر منتقل کرنے کا مبارک سلسلہ شروع کیا ہے۔ اس ضمن میں سلسلہ مواعظ حسنہ کی پہلی قسط بعنوان تجلیاتِ شمسیہ منظر عام پر آئی ہے۔ جس کے مرتب مولوی محمد رقیب مجددی دیوبندی ہیں جبکہ پیش لفظ آپ کے فرزند مولانا مفتی رضاء الحق صاحب مدظلہ کے قلم سے ہے جس میں ۵۳ ملفوظات اور باقی مختلف اصلاحی موضوعات پر آپ کی مجالس اور مواعظ احاطہ تحریر میں لائے گئے ہیں۔ زبان وبیان بالکل سادہ لیکن تاثیر کے اعتبار سے از دل خیزد بر دل ریزد کے مصداق ہیں۔ امید ہے کہ آپ کے تلامذہ اور معتقدین یہ سلسلہ مزید جاری وساری رکھیں گے۔

---

کتاب: التوضیح السامی شرح الحسامی (پشتو) افادات سے: مولانا محمد ابراہیم فانی

مرتب: مولوی محمد اشفاق حقانی ضخامت ۴۵۰ صفحات

رعایتی قیمت: ۱۳۰ روپے ناشر: موتمر المصنفین دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

منتخب الحسامی اصول فقہ حنفی کے اہم ترین متون اور انتہائی معتبر کتابوں میں شمار کی جاتی ہے۔ اپنی اسی اہمیت جامعیت اور عظمت کی وجہ سے مرتب درس نظامی مولانا نظام الدین سہالویؒ نے اس کو شامل نصاب کیا تھا اور اس وقت سے لے کر آج تک یہ اہم کتاب مدارس میں متداول اور مروج ہے اور درجنوں شروحات مختلف زبانوں میں اس سے مغلق متن پر مشتمل کتاب کی معرض وجود میں آئی ہیں اور یہ سلسلہ تاہنوز جاری ہے۔ ان تمام شروحات میں مولوی یعقوب

© rasailojaraid.com